PRNO16

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی مداخلت سے ایک ریٹائرڈ افسر کو 9 سال بعد پنشن کے بقایاجات 94 لاکھ 78 ہزار 415 روپے مل گئے

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مداخلت سے وفاقی حکومت کے ایک ریٹائرڈ افسر کو 9 سال بعد پنشن کی رقم مبلغ 94,78,415 روپے مل گئے ہے جس پر شکایت گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب واحد ادارہ ہے جو عام آدمی کو فوری اور مفت انصاف فراہم کر رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق محمد اخلاق وفاقی حکومت کے ایک ادارے میں 41 سال سرکاری ملازمت کے بعد 18 جون 2014ء کو ریٹائرڈ ہوا مگر مختلف اعتراضات لگا کر اس کی پنشن ادا کرنے میں تاخیر کی جاتی رہی۔ وہ مختلف دفاتر کے مسلسل چکر لگاتا رہا مگر مسئلہ حل نہ ہوا تو اس نے وفاقی محتسب کو پنشن کے حصول کے لئے درخواست دی۔ کیس کی متعدد سماعتوں کے بعد وفاقی محتسب نے اپنے فیصلے میں تیس دن کے اندر شکایت کنندہ کو پنشن دینے کا حکم دیا لیکن محکمہ مختلف حیلوں بہانوں سے تاخیر کرتا رہا۔ بالآخر وفاقی محتسب کے (Implementation Wing) کی مسلسل کوششوں سے اے جی پی آر نے شکایت کنندہ کو اس کی پنشن بشمول بقایاجات اور دیگر مراعات کی رقم 94 لاکھ 78 ہزار 415 روپے ادا کر دی ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

11 اپریل 2023ء